ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(162)

مورخہ 26.03.24

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں 15 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔**

**جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغداد الجدید، تھانہ عباس نگر اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرکے انکے قبضہ سے 150 لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ بغداد الجدید، تھانہ عباس نگر اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 03 کلو 640 گرام چرس اور 60 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سول لائنیز، تھانہ مسافر خانہ، تھانہ اوچشریف، تھانہ صدر یزمان اور تھانہ عنائتی پولیس نے 08 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 07 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد رپیٹر 12 بور برآمد کرلیا۔پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، گزشتہ دو روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(163)

26.03.24

**بہاولپور(           )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا،25 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے،انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں مسائل حل کرنے کے احکامات جاری کیے۔عوام کے دکھوں کا فوری مداوا کرنے کے لیے اس تسلسل کو جاری رکھا جائے گا،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا آغاز کرتے ہوئے 25 شہریوں کے مسائل دریافت کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو فرداً فرداً تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تاکہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ مقدمات کو SOP کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے گی،تاخیری حربوں کو ترک کرتے ہوئے شہریوں کی دادرسی کرنا ہر افسر کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور ان کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔جبکہ عوامی اور سماجی کی جانب سے ڈی پی او اسد سرفراز خان کے اس اقدام کو بھرپور سراہا گیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا،شہریوں کے مسائل کے فوری حل کیلئے احکامات جاری کررہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (164)

26.03.24

**بہاول پور(            ) حکومت پنجاب کے جاری کردہ احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے اورڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ،ضلع بھر میں پتنگ بازی کیخلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری، بھاری مقدار میں پتنگیں اور جان لیوا کیمیکل ڈوریں برآمد۔ پتنگ بازوں اور اس کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جارہی ہیں،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کی پتنگ بازی و پتنگ سازی سے متعلق جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے پولیس کو اس ضمن میں کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کیے۔جس کے نتیجہ میں تھانہ بغدادالجدید،تھانہ نوشہرہ جدید کے ایس ایچ اوز نے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر پتنگ فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن لیتے ہوئے 02 پتنگ فروشوں کو حراست میں لے کران کے قبضہ سے بھاری مقدار میں مختلف رنگ و سائز کی پتنگیں اور جان لیوا دھاتی ڈوریں قبضے میں لے لیں۔پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس حوالے سے ڈی پی او اسد سرفراز خان کا واضح پیغام ہے کہ پتنگ سازی کے کاروبار اور پتنگ بازی کرنا انتہائی ممنوع ہے یہ ایک خونی کھیل ہے۔ پتنگ بازی اور اس کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف سخت سے سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پتنگ بازی کھیل نہیں بلکہ جرم ہے کسی صورت رعایت نہیں برتی جائے گی کسی کو عوام الناس کی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ ضلع بھر میں پتنگ بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں پتنگیں اور جان لیوا کیمیکل ڈوریں برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (165)

26.03.24

## بہاول پور ( ) حکومت پنجاب کے سلوگن "پتنگ پھاڑو، ڈور جلاؤ خونی کھیل سے سب کو بچاؤ" کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی قیادت میں بہاولپور میں ڈی پی او آفس چوک سے فرید گیٹ تک آگاہی واک کا اہتمام۔ پتنگ بازی جیسے خونی کھیل سے اپنے بچوں کو ہر صورت دور رکھیں، ڈی پی او کا والدین کے نام اہم پیغام

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاول پور اسد سرفراز خان کی قیادت میں ڈی پی او چوک تا فرید گیٹ تک ضلع بھر میں پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کے خلاف آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں انجمن تاجران، سول سوسائٹی کے نمائندگان، ایس ڈی پی او سٹی سرکل، ایس ایچ او ز سٹی سرکل، میڈیا کے نمائندگان اور دیگر معززین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ ڈی پی او نے اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں اور ریلی کے شرکاء سے بات کرتے ہوئے کہا کہ پتنگ سازی کے کاروبار اور پتنگ بازی کرنا انتہائی ممنوع ہے یہ ایک خونی کھیل ہے۔ اس کھیل کی روک تھام کے لئے ہمارا ساتھ دیں تاکہ بہت سی قیمتی جانوں کو ضائع ہونے سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ پتنگ بازی کی روک تھام کے لئے والدین اپنا کردار ادا کریں۔ اس خونی کھیل میں ملوث افراد کسی رعائت کے مستحق نہیں۔ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سختی سے نمٹا جائے گا۔ واک میں شامل شرکا نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ہماری حفاظت کیلئے ہر وقت سرگرم عمل ہے۔ ہم ہر صورت پولیس کے ساتھ ملکر اپنی اور عوام الناس کی حفاظت کیلئے ہر حکمت عملی پر عمل کرنے کیلئے تیار ہیں اور پولیس کسی بھی وقت ہمیں کسی بھی عوامی مفاد کے کام میں پیچھے نہیں پائے گی۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے ڈی پی او اسد سرفراز خان کی اس کاوش کو سراہا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان DC آفس چوک سے فرید گیٹ تک پتنگ بازی کی روک تھام کے حوالے سے آگاہی واک کے موقع پر شرکاء و میڈیا نمائندگان سے بات کر رہے ہیں